رہبر معظم نے علیحدہ علیحدہ احکام میں سپاہ پاسداران کی مشترکہ اور راہنما کونسل کے سربراہوں کو منصوب کیا۔ - 20 /Sep/ 2007

مسلح افواج کے کمانڈر انچیف حضرت آیۃ اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے علیحدہ علیحدہ احکامات میں کمانڈر پاسدار ڈاکٹر علی اکبر احمدیان کو سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کی مرکزی راہنما کونسل کا سربراہ اور بریگیڈر کمانڈر پاسدار سید محسن زادہ حجازی کو سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کی مشترکہ کونسل کا سربراہ مقرر کیا۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کی جانب سے جاری شدہ احکام کا متن مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمان الرحیم

میجر جنرل پاسدار ڈاکٹر علی اکبر احمدیان

کمانڈر محمد علی جعفری کے سپاہ پاسداران کے سربراہ کے عہدے پر فائز ہونے کی وجہ سے اور آپ کی لیاقت اور تجربہ کو سامنے رکھتے ہوئے ، آپ کو راہنما کونسل کا سربراہ مقرر کرتا ہوں۔ اپنےمقررہ فرائض و وظائف پر سختی سے عمل کریں اور سپاہ پاسداران کے سربراہ سے نزدیکی رابطہ بنائے رکھیں اور کام کی پیشرفت کی رپورٹ وقتا فوقتا پیش کرتے رہیں۔

میجر جرنل جعفری کی اس مرکز میں مخلصانہ خدمات پر قدردانی اور شکریہ ادا کرتا ہوں ۔خداوند متعال سے آپ تمام حضرات کی توفیقات کا طالب ہوں۔

سید علی خامنہ ای

بسم اللہ الرحمان الرحیم

جنرل پاسدار سید محمد حسین زادہ حجازی

سپاہ پاسداران کے سربراہ کی تجویز ، نیز جناب عالی کے تجربہ اور گرانقدرخدمات کے پیش نظر ، آپ کو سپاہ پاسداران کی مشترکہ کونسل کے سربراہ کے عہدہ پر منصوب کرتا ہوں۔

امید ہے کہ سپاہ پاسداران کی مشترکہ کونسل ، اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروے کار لاتے ہوئے ، سپاہ کے سربراہ کی ممد و معاون ثابت ہوگی اور سپاہ پاسداران کی دفاعی صلاحیتوں میں روز افزوں اضافہ کا باعث بنے گی کمانڈر احمدیاں کی مخلصانہ خدمات کا قدرداں اور مشکور ہوں۔

خداوند متعال سے آپ سبھی حضرات کی توفیقات کا خواہاں ہوں۔

سید علی خامنہ ای